اُدْعُونِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ

مجھ سے دعا کرو میں ضرور قبول کروں گا

نادِ علیؑ

فضائل و عملیات

حضرت صوفی شیخ محمد لطیف

قادری چشتی نقشبندی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نادِ علی

از

حضرت صوفی شیخ محمد لطیف

(چشتی، قادری، نقشبندی)

سجادہ نشین آستانہ عالیہ گوندی پیر۔ چاہ میراں لاہور

عظیم اینڈ سنز پبلشرز

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ فون: ۷۲۳۱۸۰۶

(حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری)

نے فلک شیر پریس سے چھپوا کر المعراج سنٹر

اردو بازار میں شائع کی۔

ملنے کا پتہ:

عظیم اینڈ سنز پبلشرز المعراج سنٹر 22 اردو بازار لاہور
Ph: 042-7231806

ممتاز پبلی کیشنز المعراج سنٹر 22 اردو بازار لاہور
Ph: 042-7211207

حرف ابتدا

حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت ہے کہ شکل عین کو روز ایمان کامل و یقین کے ساتھ دیکھیں، یعنی اس کی زیارت کریں۔ اور بوقت زیارت آیت الکرسی کی تلاوت کریں۔ انشاء اللہ تعالی آپ دنیا میں کسی کے محتاج نہ رہیں گے۔ لوگوں میں عزت حاصل ہوگی، رزق میں اضافہ ہوگا

یا اللہ

یا محمدؐ — یا علیؑ — یا فاطمہؑ — یا حسنؑ — یا حسینؑ

القابات امامت امیرالمومنین علی ابن ابی طالبؑ

امام المتقین	امام المسلمین	امام العارفین	امام الواصلین	امام الموحدین	امام المحققین	
امام السالکین	امام المحسنین	امام الصادقین	امام الاولین	امام العلمین	امام المتعبدین	امام المسبوقین
امام المخلوقین	امام العادلین	امام المعصومین	امام المرشدین	امام المبشرین	امام المنذرین	امام المقسطین
امام العاشقین	امام المقربین	امام الراشدین	امام المتوکلین	امام الشاہدین	امام المتکلین	امام الطاہرین
امام المبارزین	امام [illegible]	امام الاجودین	امام القارئین	امام المالکین	امام المظلمین	امام الراکعیل
امام الساجدین	امام الحاکمین	امام المتاخرین	امام المحبین	امام الراسخین	امام الواصفین	امام الخاشعین
امام المکرمین	امام المتعالین	امام المقدسین	امام الافصحین	امام الباذلین	امام [illegible]	امام الکاملین
امام الحافظین	امام المشفعین	امام [illegible]	امام القانتین	امام المہاجرین	امام الشاہدین	امام المطہرین
امام المخدومین	امام الصامتین	امام الرافعین	امام الاطہرین	امام الائمہ	امام [illegible]	امام المقاتلین
امام الانجعین	امام الاعلمین	امام الامنین	امام المزکین	امام الاورعین	امام المجتہدین	امام الامرین
امام المجاہدین	امام الخطیبین	امام المطیعین	امام المبرئین	امام المقاربین	امام الخاضعین	امام الافضلین
امام الغالبین	امام المخیرین	امام المتقدمین	امام المعلمین	امام الصائمین	امام المظفرین	امام الناظرین
امام العالمین	امام المحسنین	امام المعطوفین	امام الشہبدین	امام الوارثین	امام المطیبین	امام الاکملین
امام الکاظمین	امام المسجین	امام المعشوقین				

یا اللہ — یا علیؑ مدد — یا محمدؐ

جنگ کربلا میں حسینی وفاداروں جان نثاروں کے اسمائے گرامی

اٹھارہ بنی ہاشم کی قربانیاں

1. عبداللہ بن مسلم
2. محمد ابن مسلم
3. جعفر بن عقیل
4. عبدالرحمن بن عقیل
5. عبداللہ ابن عقیل
6. موسیٰ ابن عقیل
7. عون بن عبداللہ بن جعفر
8. محمد بن عبداللہ بن جعفر طیار
9. عبداللہ اکبر بن الحسن
10. قاسم بن الحسن
11. عبداللہ ابن الحسن
12. عبداللہ بن علی
13. عثمان بن علی
14. جعفر بن علی
15. علمدار کربلا عباس بن علی
16. حضرت علی اکبر علیہ السلام
17. محمد بن ابی سعید بن عقیل
18. حضرت علی اصغر علیہ السلام

اصحاب حسین علیہ السلام

1. حر ابن یزید الریاحی
2. علی ابن الحر الریاحی
3. نعیم بن العجالان الانصاری
4. عمران بن کعب الاشجعی
5. خظلہ ابن عمر الشیلبانی
6. قاسط بن زبیر التقلبی
7. کردوس بن زبیر التقلبی
8. کنانر بن عتقی التقلبی
9. عمر بن صدیقیہ الصبعی
10. مزغامہ ابن مالک التقلبی
11. غامر بن مسلم العبدی
12. سیف ابن مالک العبدی
13. عبدالرحمن الارجی
14. مجمع بن عبداللہ العاندی
15. جبان بن حارث السلمانی
16. عمرو بن عبداللہ الجندعی
17. حلاس بن عمر الراسبی
18. نعمان بن عمر الراسبی

19. سوار ابن ابی عمیر الہمدانی
20. عمار ابن سلامتہ الدالانی
21. زاہر بن عمر الکندی
22. جبلہ ابن علی الشیعبانی
23. مسعودؓ بن حجاج
24. حجاج ابن بدر التیمی
25. عبداللہ بن بشری الخثعمی
26. عمار ابن حسان الطائی
27. عبداللہ ابن عمر الکلبی
28. مسلم ابن کثیر الازدی
29. زہیر ابن سلیم الزدی
30. عبداللہ بن یزید العبدی
31. بشری بن عمر الکندی
32. عبداللہ بن عروہ الغفاری
33. بریر ابن خضیر المدانی
34. دلیبؒ بن عبداللہ الکلبی
35. ادھم بن امیہ العبدی
36. امیر بن سعد الطائی
37. سعد ابن خظلہ التمیمی
38. عمیر ابن عبداللہ امدحجی
39. مسلم بن عموسجہ الاسدی
40. ہلال ابن تافع الجبلی
41. سعید بن عبداللہ الحنفی
42. عبدالرحمٰن بن عبد المزنی
43. نافع ابن ہلال الجملی
44. عمر قرینہ الاانصاری
45. جون بن خوی غلام الغفاری
46. عمر ابن خالد الصیریدی
47. خظلہ ابن اسعد الشبامی
48. سوید ابن عمر الاتماری
49. یحیٰی بن سلیم المازنی
50. قرہ ابن ابی قرہ انصاری
51. مالک ابن النس المالکی
52. زیاد ابن غریب الصائدی
53. عُمر بن مطاع الجعفی
54. حجاج ابن مسروق المدحجی
55. زبیر ابن قلین الجبلی
56. حبیب بن مظلما الرااسوی
57. ابوثمامہ عمرو عبداللہ العیدی
58. انیس بن معقل الاصبحی
59. جابر بن عروہ الغفاری
60. سالم مولی عامر العبدی
61. جنادہ ابن کعب
62. عمر بن جنازہ الانصاری
63. جنادہ بن الحرث السلمانی
64. عالس ابن شعیب الشاکری
65. ژوزب ابن عبداللہ ہمدانی
66. عبدالرحمٰن بن عرۃ الغفاری
67. حرث ابن امروالتمس الکندی
68. یزید ابن زیاد امدلی
69. ابوعمرو النہشلی
70. جندب ابن حجیر الخولانی الکندی
71. سلمان بن مضارب الانماری
72. مالک ابن عبداللہ الجابری

نادِ علیاً مظہر العجائب

تجدہُ عوناً لک فی النوائب

کلُ ھمٍ وغمٍ سینجلی

بولایتک یا علیُ یا علیُ یا علی

نزول نادعلی

مختلف الروایات کے مطابق اللہ تعالیٰ عزوجل نے ''نادعلی'' کو بذریعہ وحی حضور رسول کریم ﷺ نازل فرمایا جب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور رسول کریم ﷺ کو ذیل کے کلمات نادعلی سکھلائے۔

کلماتِ نادعلی:۔

نَادِ عَلِیًّا مُظْهِرِ الْعَجَآئِبِ، فَتَجِدْهُ عُوْنًا لَکَ فِی النَّوَآئِبِ کُلِّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِی

جواب میں حضور رسول کریم ﷺ نے اپنی زبان مبارک سے ذیل کے الفاظ دھرائے اور ان کو اس کا جزو لازم قرار دے دیا جس پر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آمین وثم آمین کہی۔

بِعَظَمَتِکَ یَا اللہ یَا اللہ یَا اللہ

بنبوتک یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ

بِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ عَلِیُّ عَلِیُّ

وجہ تسمیہ نزول

احادیث معتبر و اخبار صحیحہ کے اندر وارد ہے کہ ''نادعلی'' کے نزول کی وجہ حسب ذیل ہے۔

جنگ احد میں کفار نے جب جناب رسالتمآب ﷺ کے دندان مبارک شہید کئے اور حضرت امیر حمزہ بن عبدالمطلب (چچا حضور رسول کریم ﷺ) درجہ شہادت پر فائز ہوئے اور بہت سے مسلمان مقتول و مجروح ہوئے تو اس روز جناب حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام بن ابی طالب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود نہ تھے اس وقت حضرت رسول کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں جناب باری تعالیٰ کی جانب سے حضرت جبرئیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور ان کلمات ذیل کے ذریعے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو طلب کرنے کا حکم دیا۔ جب آپ ﷺ نے اپنی زبان مبارک پر ان الفاظات کو جاری فرمایا تو آپ ﷺ کی آواز مبارک حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے گوش مبارک تک پہنچی جواب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:۔ لبیک یا نبی اللہ! لبیک یا رسول اللہ

اور اسی وقت آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں آن حاضر ہوئے حضور نبی کریم ﷺ نے ان الفاظ نادعلی کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو سکھایا اور ان کے ذریعہ دشمنوں پر حملہ کرنے کا حکم جاری فرمایا اور اپنی تلوار ذوالفقار بھی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو عنایت فرمائی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نادعلی کے الفاظات بلند آواز سے پڑھتے ہوئے ذوالفقار سے کفار پر ٹوٹ پڑے اور بہت سے کفار کو شہید کر دیا یہ حالت دیکھ کر کفار قریش بھاگ کھڑے ہوئے اور لشکر اسلام کو فتح یابی نصیب ہوئی اور بہت سا مال غنیمت بھی مسلمانوں کے ہاتھ لگا۔ جب کہ جواہر خمسہ کے مصنف حضرت شاہ محمد غوث شطاری قادری گوالیاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس کے نزول کو جنگ خیبر سے متعلقہ بتاتے ہیں اور قلعہ

مرحب کے دروازے کو تلوار کی نوک سے انہی الفاظ کی تاثیر و برکت سے اکھاڑ کر پھینک دیا تھا جس کو ستر آدمی بمشکل اٹھایا کرتے تھے۔

بعض شارحین اس کے نزول کا واقعہ غزوہ تبوک سے منسوب کرتے ہیں۔

نادعلی طریقہ دعوت برائے عاملین

ہدایات:۔

جو حضرات نادعلی کے مکمل عامل بننا چاہتے ہوں تو ان کے لئے ذیل کی ہدایات اپنانا اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے تا کہ درست طریقے سے عمل کے فیوضات و برکات سے مستفید ہوسکیں۔

☆ سب سے پہلے اپنے آئینہ دل کو صاف کریں اور ان تمام اشیاء سے پرہیز کریں جو دل کے اندر زنگ و کثافت پیدا کرتی ہیں۔ ایمان اور اعتقاد کی درستگی کے ساتھ ہر گناہ سے بچنا بے حد ضروری ہے زنا، لواطت، چوری، شراب، سود، کذب، تکبرّ اور دیگر تمام عیوب سے پرہیز لازم ہے۔

☆ رزق حلال کمائے اور کھائے۔ حرام روزی سے بچے۔

☆ نماز پنجگانہ کی پابندی اختیار کرے۔

☆ عمل کے آغاز سے قبل کسی ایسی جگہ کا انتخاب کرے جہاں شوروغل اور لہو لعب بالکل نہ ہو یا گھر کا وہ کونہ جو ہر قسم کے لغویات سے پاک ہو اور کسی کی بھی مداخلت نہ ہو۔

☆ باوضو ہو کر قبلہ رخ بیٹھے قلب اور حوالی قلب میں جس حد تک ہو سکے

خشوع و خضوع پیدا کرے تا کہ عمل کے فیوضات و برکات سے بخوبی استفادہ پا سکے۔

☆ ہمہ اقسام کے ترک جلالی اور ترک جمالی کو اختیار کرے۔

☆ روزانہ وقت مقررہ پر مقررہ جگہ پر لوبان وغیرہ سلگائے اس کے بعد نادعلی کو شروع کرے۔

☆ لوکی ترکاری بغیر مرچ کے پکائے اور جو کی روٹی خود پکا کر رکھے روزانہ صبح کو اسی سے روزہ رکھے اور شام کو اسی سے افطار کرے۔ عمل کے دوران نہر یا دریا کا مصفا پانی زیر استعمال لائے۔

عمل شروع کرنے سے پہلے ضروری امر

سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے توفیق و استعانت اور منظوری کے لئے سات یا گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ، آل اولاد و والدین نبی ﷺ، اولیاء امت، مسلمین اور مسلمات اور اپنے والدین کو بخش کر بوسیلہ جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ آقائے دو جہاں ﷺ انتہائی حضوری قلب اور خشوع و خضوع سے دُعا مانگیں اور پھر اس عمل یا وظیفہ کا ورد شروع کیا جائے تا کہ اس کے اثرات سے کماحقہ استفادہ حاصل ہو سکے۔

سب سے پہلے نادعلی کو نصاب کی نیت سے بارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور اس عمل کو اکیس یوم تک لگا تار جاری رکھے اول و آخر اعتصام، اختتام دس دس مرتبہ پڑھے پھر گیارہ روز تک اس کی زکوٰۃ چھ ہزار پڑھے بعدازاں گیارہ روز تک عشر تین ہزار کی تعداد میں ادا کرے بعدازاں قفل ایک ہزار پانچسو مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے آخری روز شیرینی پر نیاز دلا کر غریبوں میں تقسیم کرے۔

یہ عمل صغیر ہے عمل کبیر کے لئے نادعلی کبیر معہ ہر ایک کا عرصہ بہ ترتیب ذیل ہوگا۔

نصاب بہ تعداد بارہ ہزار — نوے یوم تک۔
زکوٰۃ بہ تعداد چھ ہزار — اکتالیس یوم تک۔
عشر بہ تعداد تین ہزار — اکتالیس یوم تک۔
قفل ایک ہزار پانچسو کی تعداد میں — اکتالیس یوم تک۔

بعدازاں نادعلی کبیر کے کلمات کی کل تعداد بارہ ہزار روزانہ اکتالیس یوم تک اول وآخر اعتصام واختتام اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھے اور روزانہ روزہ رکھے۔

اکتالیس یوم میں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز بفضلہٖ عامل کامل ہوجائے گا بعدازاں اس عمل کو روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ جاری رکھے پھر جس کام کے لئے بھی نادعلی کو استعمال میں لائے گا مکمل کامیابی برق رفتاری سے پائے گا نادعلی صغیر کی صورت میں اکتالیس یوم تک چار ہزار تین سو پچتالیس کی تعداد میں روزانہ پڑھنا ہوگا بعدازاں اس عمل کو روزانہ ایک سو ایک مرتبہ جاری رکھے تاکہ ہر کام میں اس سے بخوبی استفادہ بفضلہٖ پاسکے۔

اعتصام:۔

اَللّٰهُ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِکَ مَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ

اختتام:۔

یَا اَبَا الْغَیْثُ اَغِثْنِیْ وَیَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ بِمُحَمَّدٍ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِیْنَ

اعمال

حفاظت الٰہی

جو کوئی اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی حاصل کرنے کا خواہاں ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہیں۔

اس مقصد کے لیے ہر روز بلاناغہ نماز عشاء کے بعد تین مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے دُعا مانگا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اپنی حفظ وامان میں رکھیں گے اور اس بندے سے ہمیشہ راضی رہیں گے۔

شفاء امراض

ہمہ اقسام کی بیماریوں کے لئے نادعلی کا ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز عشاء پانی پر نادعلی تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو یہ پانی روزانہ گیارہ یوم تک ان الفاظ کے ساتھ چوبیس گھنٹوں میں پانچ مرتبہ پلائیں۔

الفاظ:۔

اغثنی یااللّٰہ یامغیث یاشفائی شفاء کن بحق ناد علی

اور بعداز نماز فجر ذیل کا نقش زعفران وگلاب ومشک سے سفید کاغذ پر بنا کر اس پر خوشبو لگائیں اور نادعلی تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دم کرکے موم جامہ کریں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس عمل کی بدولت مریض بیماری سے ہمیشہ کے لیے شفاء پاجائے گا اور آئندہ ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔

نقش مکرم:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یاجبرائیل   یامیکائیل

۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۸	۱۲۴۱۵	۱۲۴۱۲
۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۱	۱۲۴۰۶	۱۲۴۱۷
۱۲۴۱۰	۱۲۴۱۳	۱۲۴۲۰	۱۲۴۰۷
۱۲۴۱۹	۱۲۴۰۸	۱۲۴۰۹	۱۲۴۱۴

یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی

یاعزرائیل   یااسرافیل

لاعلاج مرض کا علاج

جس کسی کو ایسی بیماری لاحق ہو اور کسی بھی صورت اس سے آرام نہ پاتا ہو ڈاکٹر، حکیم اس کو جواب دے چکے ہوں تو ایسے میں نادعلی کا ذیل کا عمل اکسیر اعظم اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بوقت اشرلق پانی پر نادعلی ایک ہزار پانچصد مرتبہ اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی بنائیں اور مریض کو ہر گھنٹے بعد یہ پانی پلائیں پانی پلاتے وقت یہ الفاظ دھرائیں۔

الفاظ:۔

یاشافی یا کافی یا باقی شفاؤک بحق ناد علی و بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بعداز نماز فجر ذیل کا نقش نادعلی زعفران وگلاب ومشک سے سفید کاغذ پر بنائیں خوشبو لگائیں اور اس پر نادعلی کبیر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ بفضلہٖ خداعزوجل کے کرم سے دن بدن بیماری سے شفا ملنا شروع ہوجائے گی اور اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے اس لاعلاج بیماری سے مکمل طور پر شفاء کاملہ حاصل ہوجائے گی۔

نوٹ:۔

اس نقش کا ہدیہ اکتالیس روپیہ خیرات کردیں اور شفایابی پر نیاز مولا مشکل کشاء حسب توفیق غرباء میں تقسیم کردیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بَعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقِ

نادعلی

نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرِ الْعَجَآئِبِ، فَتَجِدْہُ عُوْنًا لَکَ فِی النَّوَآئِبِ کُلِّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ

بَعَظْمَتِکَ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ

بنبوتک یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ

بِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ عَلِیُّ عَلِیُّ

نقش :۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نادِ	علیًا	مظهر	العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ
علیًا	مظهر	العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ
مظهر	العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی
العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک
تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد
عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولایتک
فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولایتکَ	یاعلی
کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولایتکَ	یاعلی	یاعلی

نقش نادعلی صغیر

نادعلی مشہور ومقبول دُعا ہے ہر مصیبت اس سے دور ہوتی ہے سینکڑوں برس ۔ علماء اور عامل اس سے فیضیاب ہورہے ہیں یہ نقش نادعلی صغیر ہے اس نقش معظم کو باد باادب لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈالیں اس کی برکت سے فیض یاب ہوں گے۔

نقش مکرم :۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یاجبرائیل — یا میکائیل

۱۱۲۱	۱۱۳۵	۱۱۳۲	۱۱۲۸
۱۱۳۳	۱۱۲۷	۱۱۲۲	۱۱۳۴
۱۱۲۶	۱۱۳۰	۱۱۳۷	۱۱۲۳
۱۱۳۶	۱۱۲۴	۱۱۲۵	۱۱۳۱

یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی

یاعزرائیل — یااسرافیل

عبادت میں توجہ ویکسوئی

اگر کسی کا دل اللہ تعالیٰ کی عبادت وریاضت کی طرف مائل نہ ہوتا ہو اور عبادت کرتے ہوئے کاہلی اور سستی پیدا ہوتی ہو یا دھیان کسی اور طرف مسلسل جاتا رہتا ہو، طبیعت میں ٹھہراؤ اور توجہ ویکسوئی کی کیفیت نہ پیدا ہوتی ہو تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ نادعلی پڑھے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کی عبادت وریاضت میں سکون قلبی پیدا ہوگا اور توجہ ویکسوئی کامل حاصل ہوگی۔

دیدار حضرت محمد ﷺ

حضور پُر نور ﷺ کا دیدار کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد نماز عشاء اوّل و آخر ذیل کا درود شریف ایک سو مرتبہ اور پانچ سو بار نادعلی پڑھے اور باوضو قبلہ رخ منہ کر کے سوجائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین سے پانچ یوم کے اندر اندر رسول اکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

درود پاک:۔

مَنْ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ

انبیاء آئمہ علیہم السلام کی خواب میں زیارت

اگر کوئی حضور نبی کریم ﷺ اور آئمہ طاہرین کے انوار و جمال کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے شب جمعہ شروع ماہ زاہد النور میں بوقت شب ہزار مرتبہ ناد علی پڑھے اور بعد نماز عشاء دو رکعت نماز نفل کے بعد غسل کر کے لباس پاک پہنے اور خوشبو لگائے اور ذیل کا درود پاک اوّل و آخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھنا ضروری ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

حل الحاجات

ہر قسم کی جائز دینی و دنیوی حاجات کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے جب چاند عروج پر ہو تو ایک وقت مقرر کر کے باوضو حالت میں اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے درمیان میں ساٹھ مرتبہ ناد علی پڑھے۔

اس کے بعد چار رکعت نفل نماز قضائے حاجت کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ناد علی پڑھے اس کے بعد چالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے پھر پچاس مرتبہ:۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اُس کے بعد پچاس مرتبہ:۔

اَسْتَغْفِرُو اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْخَطَاءً سِرًّا وَّعَلَانِیَۃً وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

اس کے بعد پچاس مرتبہ درود شریف ذیل پڑھے اس طرح چاروں رکعت مکمل کرلے اور پھر حضوری قلب اور توجہ و یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ عزوجل کی بارگاہ میں اپنے مقصد کے حصول کے لئے خوب عاجزی وانکساری سے دُعا مانگے۔

ہر روز بلاناغہ اس وقت تک پڑھے جب تک کہ حاجت پوری نہ ہوجائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے اندر اندر حاجت بفضلِ ہی پوری ہوجائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَمُرْشِدِنَا

وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَيِّبِ ظَاهِرِنَا وَبَاطِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَوْلِيَآءِ اُمَّتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِيْنَ اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ

علاج جسمانی کمزوری

جو شخص بیماری یا کسی اور وجہ سے سخت جسمانی کمزوری میں مبتلا ہو گیا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ ستر مرتبہ نادعلی پڑھے اور اپنے اوپر دم کیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی کمزوری دور ہوتی جائے گی۔

ہر لحاظ سے مفید عمل

جو شخص ہفتہ کے روز غسل کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور پندرہ مرتبہ نادِ علی پڑھ کر وہی مسجد میں خلوصِ نیت سے دُعا مانگے۔ اوّل وآخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود شریف پڑھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نمایاں کامیابی ہوگی۔

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

برائے نجات دشمن

اگر کوئی شخص دشمنوں سے خائف ہو اور دشمنوں کے درمیان پھنس گیا ہو اور مارے جانے کا ڈر ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید، فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے پاک مٹی پر سات مرتبہ نادعلی پڑھ کر اس میں اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود شریف ذیل پڑھ کر دم کرے اور ان کی طرف ہوا میں اڑا دے تو بحکم خدا کا کوئی ضرر اُس کو نہ پہنچے گا اور ان سے نجات پائے گا۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود تنجینا:۔

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِی الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ"

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۶
۱۲۴۱۸	۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۵
۱۲۴۰۸	۱۲۴۱۹	۱۲۴۱۴	۱۲۴۰۹
۱۲۴۱۳	۱۲۴۱۰	۱۲۴۰۷	۱۲۴۲۰

فراخی رزق

اگر کوئی شخص توسیعِ رزق اور بلند مرتبہ حاصل کرنے کا خواہش مند ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ ہر روز صبح کے وقت ایک سو مرتبہ نادعلی پڑھے۔ پڑھنے سے پہلے اور پڑھنے کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود شریف پڑھ لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نادعلی معہ درود شریف پڑھنے سے مقصد میں نمایاں کامیابی ہوگی۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپ دائیں بازو پر باندھے۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبۡدِکَ وَرَسُوۡلِکَ وَصَلِّ عَلٰی لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتِ وَالۡمُسۡلِمِیۡنَ وَالۡمُسۡلِمَاتِ

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۲۴۱۸	۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۵
۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۶
۱۲۴۱۳	۱۲۴۱۰	۱۲۴۰۷	۱۲۴۲۰
۱۲۴۰۸	۱۲۴۱۹	۱۲۴۱۴	۱۲۴۰۹

ہر قسم کے بخار کے لئے

اگر کسی کو بخار ہو جائے اور دوا سے آرام نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے چینی کے سفید پیالے پر مشک وزعفران وگلاب سے نادعلی لکھ کر آبِ باراں یا کسی پاک وصاف پانی سے دھو کر مریض کو پلایا جائے اوّل وآخر درود شریف ذیل پڑھ لیں۔

انشاء اللہ بفضلِ باری تعالےٰ شفاء ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَبِیًّا فِی الۡاَنۡبِیَآءِ وَسَلِّمۡ

برائے حصول حب

جو کوئی حب کا حصول چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید، نافع اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے کوئی شخص ہر روز گیارہ بار نادعلی پڑھ کر اول وآخر سات

سات بار ذیل کا درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔
انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت سے ہر شخص اس کو دوست رکھے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِیِ الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ شخص ایک ہزار ساٹھ مرتبہ نادعلی پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی اپنے دشمن کو پلائے تو خدا کی قدرت سے دشمن کوئی وار نہ کر سکے گا۔ اوّل وآخر ذیل کا درود پاک پڑھنا بے حد مفید اور نافع ہے۔

درود تنجینا:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

حل المشکلات

جو کوئی اپنی مشکلات کا حل چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید، فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ ایک سو ساٹھ مرتبہ نادعلی کے پڑھنے سے اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز تمام مشکلات آسان ہو جائیں گی۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۲۴۱۸	۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۵
۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۶
۱۲۴۱۳	۱۲۴۱۰	۱۲۴۰۷	۱۲۴۲۰
۱۲۴۰۸	۱۲۴۱۹	۱۲۴۱۴	۱۲۴۰۹

دلی مراد پوری جائے

حاجتوں کے بر آنے اور مشکلات کے حل ہونے کی نیت سے ہر روز ایک سو ستر

مرتبہ بارہ روز تک ناد علی پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ خدا تعالیٰ نے چاہا تو مراد پوری ہو جائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

شفا بخش مجرب عمل

کوئی بھی ایسا مرض جو کسی علاج سے رفع نہ ہوتا ہو اور مریض علاج کروا کر کر تنگ آ چکا ہو تو ذیل میں دیا ہوا عمل مریض کے لیے شافی علاج ہے اس عمل کو حضرت علامہ بونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے تجربات میں لکھا ہے کہ یہ عمل تمام لاعلاج امراض کو دور کرنے کے لئے مجرب و اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ انہوں نے تجربات میں یہ بھی لکھا ہے کہ میں نے یہ عمل ایک شخص جس کا نام محمود تھا اور وہ جذام کے مرض میں مبتلا تھا کو بتایا۔ اس شخص سے ہر کوئی نفرت کرتا تھا اس نے اللہ تعالیٰ کا مبارک نام لے کر اس عمل کو شروع کیا اور وہ دو ہفتوں میں بالکل تندرست ہو گیا اور اس کے جسم پر مرض کا نام و نشان تک باقی نہ رہا۔ عمل یہ ہے۔

باوضو حالت میں مریض کے پاس بیٹھے اور ذیل کا درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے درمیان میں سات مرتبہ ناد علی پڑھے پھر چار سو بائیس مرتبہ الشافیا پڑھے پھر مریض پر دم کرے اس کے ساتھ ہی ایک گلاس میں تھوڑا سا پانی لے کر اس پر دم کرے اور مریض کو پلا دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز بفضلِ خدا ہر طرح کے مرض سے شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔ (آمین)

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

بے خوابی کا خاتمہ

اگر کسی شخص کو بے خوابی ہوتی ہو تو اس کے خاتمہ کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید و نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے نماز جمعتہ المبارک کے بعد پندرہ مرتبہ ناد علی پڑھنے اور اوّل و آخر درود شریف ذیل سات سات مرتبہ پڑھنے سے اس کی بے خوابی کی شکایت دور ہو جائے گی۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

زہر کا اثر ختم ہو جائے

اگر کسی شخص کو دشمنی کی بناء پر زہر دیا گیا ہو یا وہ خود کھا گیا ہو سانپ نے کاٹا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے مشک و زعفران وگلاب سے سفید چینی کے برتن پر ناد علی لکھ کر اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک ذیل پڑھ کر دم کر لے اور اس کو آب باراں سے لے کو دھوئیں اور پانی پر بارہ مرتبہ ناد علی پڑھ کر دم کریں اور بسم اللہ شریف پڑھ کر باوضو کر پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ سے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

برائے نظر بد

جس کسی کو غیر مرد، عورت کی نظر بد لگ گئی ہو اور وہ اس سے بہت پریشان ہو اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے تین دن تک روزانہ بیس مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل وآ سات سات مرتبہ درود پاک پڑھ لے اور جس کسی کو نظر بد لگی ہو اس پر پھونک مارے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفائے کاملہ ہوگی۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

محتاجگی سے حفاظت

جو شخص غریب ومحتاج ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور بے حد آ کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے اُس شخص کو چاہیئے کہ بعد نماز عشاء ایک سو ایک مرتبہ نادعلی کا ورد کرے اور اوّل وآخر ذیل کا درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ غیر کی محتاجی سے محفوظ رہے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

بچھو کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو بچھو نے کاٹا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند، نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے سات مرتبہ نادعلی پڑھ کر اوّل وآخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ کر اس مقام پر پھونکیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم زہر کا اثر ختم ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

حصول دولت

جو کوئی دولت کا حصول چاہتا ہو تو اس شخص کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ شخص ہر صبح جب نیند سے بیدار ہو تو کسی سے بات کئے

بغیر ننانوے مرتبہ نادعلی پڑھے۔ اوّل و آخر درود پاک ذیل کا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لے تو وہ بحکم ربی غنی و مالدار ہوجائے گا۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۱۲۴۱۸	۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۵
۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۶
۱۲۴۱۳	۱۲۴۱۰	۱۲۴۰۷	۱۲۴۲۰
۱۲۴۰۸	۱۲۴۱۹	۱۲۴۱۴	۱۲۴۰۹

ردسحر کے لئے

اگر کسی شخص پر سحر کیا گیا ہو اور وہ اس وجہ سے بہت پریشان ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے سات مرتبہ باؤلی (کنویں) کے پانی پر نادعلی پڑھ کر اوّل و آخر ذیل کا درود پاک تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ تھوڑا سا پانی اس کو پلائیں اور باقی پانی سے اس کو غسل کرائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سحر باطل ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

کالے جادو کا توڑ

جس کسی شخص پر کالا جادو کیا گیا ہو اس کے لئے وہ لاجواب نقش بھی درج ذیل ہیں کسی کامل ولی اللہ سے لکھوا کر اجازت حاصل کر کے استعمال کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

پہلا نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۳۹۱۱	۳۹۰۴	۳۹۰۹
۳۹۰۶	۳۹۰۸	۳۹۱۰
۳۹۰۷	۳۹۱۲	۳۹۰۵

دوسرا نقش:۔

یااللہ یامحمد ﷺ یاعلی؄ یافاطمہ؄ یاحسن؄ یاحسین؄

یہ نقش علی الصبح نہار منہ پانی میں گھول کر پلادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ کالے جادو کا اثر ختم ہوجائے گا مریض صحت یاب ہوجائے گا یہ عمل مسلسل چالیس یوم جاری رکھیں۔

یہ وظیفہ بھی کرتے رہیں۔

وظیفہ:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

حفاظت از مرگ مفاجات

جو شخص ہر روز چالیس مرتبہ نادعلی پڑھے گا اور اوّل وآخر ذیل کا درود پاک پڑھے گا وہ مرگ مفاجات سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بے خوف رہے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

شہد کی مکھی کے ڈنک کا علاج

جس شخص کو شہد کی مکھی نے ڈنک مار دیا ہو اور وہ شخص اس وجہ سے بہت زیادہ تکلیف محسوس کرتا ہو اور اس تکلیف سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے سات مرتبہ نادعلی پڑھ کر اوّل وآخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ کر اس مقام پر پھونکیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی
الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ
وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

برائے شجاعت و دلاوری

شجاعت و دلاوی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے بیس روز تک ہر روز پچاس مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شجاعت و دلاوری ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ
الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

نظر بد سے محفوظ رہنے کا عمل

جو شخص قبل طلوع آفتاب تین بار نادعلی پڑھے اور اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر چھاتی پر پھونک مارے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ
بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ڈیموں کے کاٹے کا علاج

جس شخص کو ڈیموں نے کاٹ لیا ہو اور وہ شخص اس وجہ سے بہت زیادہ تکلیف

محسوس کرتا ہو اور اس تکلیف سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے سات مرتبہ نادعلی پڑھ کر اوّل و آخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ کر اس مقام پر پھونکیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

قید سے رہائی

کسی قیدی کی رہائی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے ایک سو ساٹھ مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل و آخر ذیل کا درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ نے چاہا تو قیدی جلد ہی سزا سے رہا ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

سلامتی مسافرت

جو شخص سفر کرنا چاہتا ہو تو پہلے غسل کر کے دو رکعت نفل نماز باوضو حالت میں

پڑھے اور بعد از سلام نادعلی ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر اوّل و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لے اور سفر پر روانہ ہو جائے۔

بفضلِ باری تعالیٰ بخیریت گھر واپس آئے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

برائے دفع تہمت

اگر کسی شخص پر کوئی تہمت لگائی گئی ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ ہر روز چالیس مرتبہ نادعلی ہر نماز کے بعد پڑھے اور اوّل و آخر ذیل کا درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو بحکم رب تعالیٰ اس سے تہمت رفع ہوگی اور نام روشن ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّنَا یَا کَرِیْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقٍ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ دَائِمًا اَبَدًا

وسعت رزق کے لئے

خالق و مالک وہ آپ باری تعالیٰ ہے تنگ دستی کی صورت میں، حصول دولت و رزق اور فارغ البالی کے لئے ذیل کا عمل بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

بروز اتوار نیک ساعت میں ابتداء کرے اور روزانہ اکتالیس مرتبہ اکتالیس روز تک برابر وقت پر نادعلی پڑھا کرے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ذیل کا ورد

بھی کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ رزق کی تنگی دور ہوجائے گی اور رب تعالیٰ روزی کا خزانہ غائب سے دے گا۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نادِ	علیًا	مظهر	العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ
علیًا	مظهر	العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ
مظهر	العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی
العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک
تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد
عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولاتیکً
فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولاتیکً	یاعلی
کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولاتیکً	یاعلی	یاعلی

برائے فتح یابی

فتح یابی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے پانچ روز روزانہ چار سو مرتبہ نادعلی اور اوّل وآخر درود شریف ذیل کا پڑھ لینے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ ہر میدان میں فتح یابی ہوجائے گی۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

برائے رہائی قید

اگر کوئی شخص قید ہوگیا ہو اور اس سے رہائی چاہتا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے گیارہ سو مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھنے سے کامل یقین رکھ کر منزل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ پہلے حکم پر رہا ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

حصول اولاد نرینہ کے لئے

اگر کسی عورت کے ہاں فرزند نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے غسل کرکے باوضو کاسہ چینی پر زعفران وگلاب سے نادعلی لکھ

کر بارش کے پانی یا پاک پانی سے دھو کر پلادیں۔

اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کی منزل بھی کریں۔ بسم اللہ شریف پڑھ کر داہنے ہاتھ سے پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم رب نے چاہا تو وہ عورت سرسبز ہوگی اور اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ جیسی نعمت سے نوازے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ

دشمنوں سے پوشیدہ ہونے کے لئے

اگر دشمنوں سے خطرہ ہو اور آپ اکیلے ہوں تو ان سے پوشیدہ ہونے اور اپنے آپ کو بچانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے اٹھارہ مرتبہ نادعلی کی منزل کریں اوّل وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر چھاتی اور چہرہ پر پھونک ماریں اور منہ پر ہاتھ پھیریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم رب نے چاہا تو دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَتَوَجَّهُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ وَاَسْئَلُكَ بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَةِ وَمَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ

وَالْمُرُوَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمُوَدَّةِ وَمَعْدِنِ التَّسْخِيْرِ وَالْمُحَبَّتِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمَحْبُوْبِيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى اَجْمَعِيْنَ

زبان بندی اعداء کے لئے

زبان بندی اعداء کے واسطے متواتر دس دن تک روزانہ خلوص نیت سے دس مرتبہ نادعلی پڑھ لے اور اوّل وآخر ذیل کا درود مبارکہ سات سات بار پڑھنے سے اعداء کی زبان اس پر بند ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ وَلَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَمَعْدَنِ الْاِسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَائِنَ الْعُلُوْمِ الْاَصْطَفَائِيَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ السُّنِيَّةِ الرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مِنَ الدَّرَجَةِ النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ اِلٰى يَوْمِ تُبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

شریر گھوڑے کو تابع کرنا

جس کسی کا گھوڑا نظر بد یا کسی اور وجہ سے شرارت پر آمادہ ہو یا سرکش ہو گیا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کی عبادت کو زعفران وگلاب سے سفید پارچہ ریشمی پر

باوضو حالت میں لکھ کر اس پر ناد علی اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے گھوڑے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گھوڑے کی سرکشی اور نظر بندی ختم ہو جائے گی وہ مطیع وفرمانبردار ہو جائے گا۔

عبارت ونقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نَصْرٌ " مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ " قَرِيْبٌ "
وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ " حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ " الرَّاحِمِيْنَ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْنَا وَادْفَعْ بَلَامَنَا
يَارَؤُفُ لَبَّيْكَ وَارْحَمْ لَبَّيْكَ وَارْفَعْ " لَبَّيْكَ وَاصْتَجِبْ
لَبَّيْكَ وَاَنَّ اللّٰهَ يُبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَحُصِّلَ مَافِي الصُّدُوْرِ
وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بُحَقِّ يَامُحَمَّدُ وَبِحَقِّ
نَادِ عَلِيًّا مَّظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًالَكَ فِي التَّوَائِبِ كُلُّ
هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِنُبُوَّتِكَ يَامُحَمَّدُ وَبِوِلَايَتِكَ يَاعَلِيُّ
يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ

علاج ناسور

اگر کسی کو مرض ناسور ہو گیا ہو اور کسی دوا سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر روز چالیس مرتبہ ناد علی پڑھ کر ناسور پر دم کرے اوّل وآخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت جلد شفاء ہو گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي
الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْقُلُوْبِ
وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْقُبُوْرِ

برائے قوت حافظہ

طالب علموں اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے ناد علی تین بار اوّل وآخر درود شریف ذیل تین تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

ان دونوں طبقوں کے لئے نہایت مفید اور فائدہ مند ہے اس سے ان کے ذہن کو طاقت پہنچتی ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ كَمَا لَانِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ
كَمَالِهٖ

نجات مرض اٹھرا

اگر کسی کی اولاد پیدائش کے بعد تھوڑا عرصہ زندہ رہتی ہو اس کے بعد مر جاتی ہو تو اس کی زندگی کے لئے چاہیئے کہ جب پیدا ہو جائے تو نیلے رنگ کا چار تار دھاگہ لے اس دھاگہ پر اکیس گرہ لگائے اور ہر گرہ پر اکیس مرتبہ ناد علی اور ذیل کا درود پاک پڑھ کر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا دھاگہ بچے کے گلے میں تعویز کی طرح ڈال دیں۔

بفضلِ باری تعالیٰ العزیز بچہ ہر طرح کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اللہ

تبارک وتعالیٰ بچے کو اپنی حفظ وامان میں رکھے گا اور بچے کی عمر طویل ہوگی۔ آمین۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

حفظ جن وشیطان وآسیب

جن وشیطان، آسیب، دیو، پری وغیرہ سے حفاظت کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے دونوں نقش زعفران وگلاب سے بعداز نماز چاشت سفید کاغذ پر بنائیں اور ان پر اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی، اکتالیس مرتبہ نادعلی اوّل وآخر درود شریف تجینا گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں، خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے گلے میں پہنیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلہٖ باری تعالیٰ اس عمل کی بدولت ہر قسم کے شر سے محفوظ ومامون رہیں گے۔

نادعلی:۔

نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ، فَتَجِدْہُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوَائِبِ کُلِّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ

بِعَظَمَتِکَ یَا اَللہُ یَا اَللہُ یَا اَللہُ

بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ

بِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ عَلِیُّ عَلِیُّ

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"

نقش نمبرا:۔(سامنے کی جانب)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

٣٦٧١	٣٦٧٤	٣٦٧٧	٣٦٦٤
٣٦٧٦	٣٦٦٥	٣٦٧٠	٣٦٧٥
٣٦٦٦	٣٦٧٩	٣٦٧٢	٣٦٦٩
٣٦٧٣	٣٦٦٨	٣٦٦٧	٣٦٧٨

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَادَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَاتِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَاالرالْعَالَمِیْنَ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

نقش نمبر۲:۔

(پشت کی جانب)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نادِ	علیًا	مظهر	العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ
علیًا	مظهر	العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ
مظهر	العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی
العجائب	تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک
تجده	عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد
عونالک	فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولایتک
فی النوائب	کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولایتک	یاعلی
کل همٍ	وغمٍ	سینجلی	بنبوتک	یا محمد	بولایتک	یاعلی	یاعلی

تنگ دستی دور کرنے کا عمل

درود شریف تاج اور نادعلی کا یہ عمل تنگ دستی دور کرنے اور تلاش معاش کے لیے بے حد اکسیر و مجرب ہے اس کے لیے اس درود پاک اور نادعلی کو صبح کو بعد نماز فجر اور رات کو بعد نماز عشاء ایک سو ایک بار بحضور قلب پڑھے۔

علاوہ ازیں ذیل کے دونوں نقش زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تلاش معاش کی صورت میں تین تا گیارہ روز کے اندر معاش کا بندوبست ہوجائے گا اور اکتالیس دن کی مداومت سے تنگ دستی ہمیشہ کے لیے ختم ہوجائے گی۔

درود شریف تاج:۔

